StudentBounty.com

GULF SAHODAYA [SAUDI CHAPTER]

SA- 2 EXAMINATION - 2013- 2014

SUBJECT - URDU (Course .B) TIME - 3 HOURS

CLASS - IX MARKS - 90

---

INSTRUCTIONS: Do all the questions given in this question paper . Ample choice has been given in questions wherever necessary. Marks have been written against every question. Do not exceed word limit.

---

[حصّہ ، الف ۔ تفہیم عبارت]

**سوال 1۔ ذیل میں دی گئی غیر درسی عبارت پڑھیے اور سمجھیے۔ پھر اس سے متعلق سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے۔**

بنیادی طور پر غزل میں عشقیہ باتیں بیان کی جاتی ہیں۔ لیکن آہستہ آہستہ غزل میں دوسرے مضامین بھی داخل ہوتے گئے ، او آج یہ کہا جا سکتا ہے کہ غزل میں تقریباً ہر طرح کی باتیں بیان کی جا سکتی ہیں۔ شاید یہی وجہ ہے کہ غزل آج بھی اردو کی سب سے زیادہ مقبول صنف سخن ہے۔ غزل کی ابتدا قصیدے سے ہوئی۔ قدیم عربی شاعری میں قصیدے کے ابتدائی اشعار میں بعض شعر بہاریہ ہوتے ہیں۔ قصیدے کا پہلا حِصّہ تشبیب کہلاتا ہے۔ رفتہ رفتہ تشبیب کے اشعار قصیدے کے علاوہ آزادانہ بھی کہے جانے لگے۔ اس طرح غزل وجود میں آئی۔ غزل میں مضامین کی قید نہیں ہے اور نہ ہی اشعار کی تعداد مقرر ہے۔ عام طور پر غزل میں پانچ یا سات اشعار ہوتے ہیں۔ لیکن کئی غزلوں میں زیادہ اشعار بھی ملتے ہیں۔ غزل کا پہلا شعر مطلع کہلاتا ہے۔ اس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں۔ غزل کے آخری شعر کو مقطع کہتے ہیں ، اس میں شاعر اپنا قلمی نام یا تخلّص استعمال کرتا ہے۔ غزل کا سب سے اچھا شعر شاہ بیت یا بیتُ الغزل کہلاتا ہے۔

a۔ اردو کی سب سے زیادہ مقبول صنف سخن کون سی ہے ؟

۱۔ قصیدہ

۲۔ مطلع

۳۔ مقطع

۴۔ غزل

b۔ غزل کی ابتدا کس صنف سخن سے ہوئی ؟

۱۔ شعر ۲۔ قافیہ ۳۔ قصیدہ ۴۔ تخلّص

Contnd pg no.2

www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

StudentBounty.com



c۔ شاہ بیت کون سا شعر کہلاتا ہے ؟

ا۔ کوئی بھی شعر

۲۔ غزل کا سب سے اچھا شعر

۳۔ غزل کا پہلا شعر

۴۔ غزل کا آخری شعر

d۔ تخلص کسے کہتے ہیں ؟

ا۔ کسی شاعر کا قلمی نام

۲۔ شاعر کا اصلی نام

۳۔ کسی ادیب کا نام

۴۔ کسی کا نام

e۔ بیت کس کی شکل ہے ؟

ا۔ شیر کی

۲۔ شاعر کی

۳۔ شاعرہ کی

۴۔ شعر کی

5

سوال 2 ۔ نیچے دیے گئے غیر درسی اشعار پڑھیے، سمجھیے۔ پھر ان سے متعلق سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے:

پہنچوں کس طرح آشیاں تک — ہر چیز پہ چھا گیا اندھیرا
سن کر بلبل کی آہ و زاری — جگنو کوئی پاس ہی سے بولا
کیا غم ہے جو رات ہے اندھیری — میں راہ میں روشنی کروں گا
اللہ نے دی ہے مجھ کو مشعل — چمکا کے مجھے دیا بنایا
ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے — آتے ہیں جو کام دوسروں کے

a۔ کون کہاں پہنچنا چاہتا تھا ؟

ا۔ کبوتر پیڑ تک ۲۔ جگنو گھونسلے تک ۳۔ بلبل گھونسلے تک ۴۔ کیڑا نالی تک

Contd on pg no.3

www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

b۔ آہ وزاری کا کیا مطلب ہوتا ہے ؟

ا۔ ہنسنا ۲۔ رونابسورنا ۳۔ بولنا ۴۔ اکڑنا، بھڑکنا

c۔ جگنو کیا چیز ہے اور اس کی کیا خوبی ہوتی ہے ؟

ا۔ ایک چمک دار کیڑا ۲۔ ایک بجھاہوا پتنگا ۳۔ ایک کالی تتلی ۴۔ ایک سریلی چڑیا

d۔ لفظ مشعل کے کیا معنی ہوتے ہیں ؟

ا۔ موم بتی ۲۔ اگر بتی ۳۔ روشن بتی ۴۔ جلتی ہوئی ایک خاص لکڑی

e۔ آخری شعر میں شاعر نے یہ نصیحت کی ہے

ا۔ کسی کی مدد کرنا اچھّی بات ہے ۲۔ مدد میں نقصان ہے

۳۔ مدد کا کوئی فائدہ نہیں ۴۔ ایک دوسرے کی کوئی مدد نہ کرو 5

[ حصّہ ، ب ۔ تحریری مہارت ]

سوال 3۔ دیے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر دو سو الفاظ میں ایک مضمون لکھیے :

ا۔ میری پسندیدہ شخصیت ۲۔ یوم اساتذہ ۳۔ میرے والدین 10

سوال 4۔ گھر میں بڑی بہن کی شادی کی وجہ سے کام ہے اور آپ اسکول نہیں جاسکتے۔ ایک درخواست اسکول پرنسپل کے نام لکھیے اور شادی میں شرکت کے لیے تین روز کی رخصت مانگیے ۔

یا

اپنے دوست یا سہیلی کو بڑے بھائی کی شادی میں شرکت کے لیے دعوت دیتے ہوئے ایک خط لکھیے جس میں شادی کے پورے پروگرام کی تفصیل بھی لکھیے ۔ 8

[ حصّہ ، ج ۔ عملی قواعد ]

سوال5 ۔ تشبیہہ یا استعارہ کی تعریف لکھ کر اِس کی دو مثالیں بھی دیجیے ۔ 4

یا

دیے گئے الفاظ سے جُملے بنایئے ۔ ا۔ چناوٗ ۲۔ اسکول ۳۔ انصاف ۴۔ دست کاری

سوال 6 ۔ دیے گئے محاوروں سے جُملے بنایئے۔ا۔تاب نہ لانا ۲۔سینہ پُھلانا ۳۔عقل پر پردہ ڈالنا ۴۔اپنے مُنہ میاں مِٹھّو بننا 4

Contd on pg no.4

StudentBounty.com
www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

سوال 7 ۔درج ذیل واحد الفاظ کے جمع بنا کر لکھیے۔ [صرف آٹھ ] 4

ا۔ نصیحت ۲۔ حیثیت ۳۔ مصروفیت ۴۔ روایت ۵۔ مثل ۶۔صاحب ۷۔ مطلب ۸۔ لطیفہ ۹۔نتیجہ ۱۰۔ آفت

سوال 8 ۔ دیے گئےالفاظ میں کون سے مذکر ہیں اور کون سے مونث ، انہیں علیحدہ کرکےلکھیے : 4

ا۔ ہوا ۲۔ تھیلی ۳۔ سانپ ۴۔ غذا ۵۔ گنبد ۶۔ راحت ۷۔ جہاز ۸۔ سبزہ

سوال 9۔ a] الفاظ کے مُتضاد بنا کر لکھیے ۔ ا۔ دُکھ ۲۔ زندگی ۳۔ جنگ ۴۔ مُردہ 4

b] الفاظ کے مُترادِف الفاظ لکھیے ۔ ا ۔ رسم و۔۔۔۔ ۲۔ عیش و۔۔۔۔۔۔

۳۔ شان و ۔۔۔۔۔۔ ۴۔ شور و ۔۔۔۔۔۔۔۔

سوال 10 ۔ دی گئی کہاوتوں کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے ۔

ا۔آم کے آم گُٹھلیوں کے دام ۲۔ آپ ہی کی جوتیوں کا صَدقہ ہے ۳۔ اُونٹ کے گلے میں بِلّی

۴۔ وہی مُرغے کی ایک ٹانگ 4

سوال 11 ۔ a] درج ذیل الفاظ میں مُناسب سابِقہ یا لاحِقہ لگا کر مُرکّب الفاظ بنایئے۔

ا۔مال ۲۔ روشن ۳۔ تجربہ ۴۔ مزاج

b ] خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھ کر جملے پورے کیجیے : [آتش بازی، من گھڑت، پیشانی، گانے ]

ا۔ البتہ بے شمار ۔۔۔۔۔۔ واقعات اس کی ذات سے منسوب کر دیے گئے ہیں۔

۲۔ جوانی اور پیری کا وقت کاٹنے اور ۔۔۔۔۔۔ کا ہے ۔

۳۔ راکٹ ۔۔۔۔۔۔۔ کی ہوائی جیسا ہوتا ہے اور اسی طرح کام بھی کرتا ہے ۔

۴۔ کہیں سمندر غُصّے کے عالم میں اپنی ۔۔۔۔ پر بل ڈالے ہوئے اپنے مُنھ سے جھاگ اُڑا رہا ہے ۔ 4

[ حصّہ ، د ۔ ادب ]

سوال 12۔ نیچے آپ کی درسی کتاب سے دو عِبارتیں دی جا رہی ہیں، آپ انہیں پڑھیے اور سمجھیے۔ پھر صرف ایک عِبارت کے سوالات کے مُتبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے ۔

**ریڈ کراس** سوسائٹی اس طرح اپنے مقصد میں کامیاب ہوئی اور اس کی ترقّی ہوتی گئی۔ لیکن اس کی کامیابی کے پیچھے ہنری ڈونان کی قُربانی کا بڑا ہاتھ ہے۔ ریڈ کراس سوسائٹی کی وجہ سے وہ اپنے کاروبار پر توجّہ نہ دے سکا۔ اس کا کاروبار تباہ ہو گیا۔ سب سے تکلیف دہ بات تو یہ ہوئی کہ ریڈ کراس سوسائٹی نے اسے کچھ عرصے کے لیے نظر انداز کر دیا اور ڈونان کسی نامعلوم جگہ پر چلا گیا۔ پندرہ سال بعد سوسائٹی کا سالانہ اجلاس روم میں ہوا۔ اجلاس جاری تھا کہ صدر کو کسی اسکول کے ایک مُعلّم کا خط موصول ہوا جس میں ڈونان کا پتہ درج تھا۔ سوسائٹی کے افراد نے یہ محسوس کیا کہ ڈونان کو قابلِ عزّت جگہ دی جانی چاہیے۔ اسے نوبل پرائز دیا گیا۔ لیکن پندرہ سال کے عرصے میں اس کی صحت کافی گر چکی تھی۔ آخر ۱۹۱۰ میں اس کا انتقال ہو گیا۔

Contd. on pg no.5

StudentBounty.com
www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

سوالات :

a۔ ریڈکراس سوسائٹی کی کامیابی کے لیے کس نے قُربانی دی ؟

۱۔ صدر نے ۲ ۔ ممبران نے ۳۔ اٹلی کے لوگوں نے ۴۔ ہنری ڈونان نے

b۔ سوسائٹی کا کام کر کے اس کا کیا انجام ہوا ؟

۱۔ کاروبار بڑھا ۲۔ ترّقی ہوگئی ۳۔ کاروبار تباہ ہو گیا ۴۔ بڑا فائدہ ہوا

c۔ سوسائٹی کا سالانہ اِجلاس کب اور کہاں ہوا ؟

۱۔ ۵سال بعد چِین میں ۲۔ ۱۰ سال بعد جاپان میں ۳۔ ۱۲ سال بعد آسٹریا میں ۴۔ ۱۵ سال بعد روم میں

d۔ سوسائٹی کے صدر کو ہنری کا پتہ کس ذریعہ سے ملا ؟

۱۔ مُعلّم کے خط سے ۲۔ مدرسہ کے جواب سے ۳۔ ٹیلی فون کے ذریعہ ۴۔ کسی نے آکر بتایا

e ۔ ہنری ڈونان کو اس کی قابلِ قدر خِدمات کے لیے کون سا انعام دیا گیا ؟

۱۔ نقد کرنسی انعام ۲۔ نوبل پرائز ۳۔ موٹرگاڑی اور بنگلہ ۴۔ تعریف اور شاباشی

f۔ لفظ انتقال کا متضاد لفظ ہے ۔

۱۔ گنجائش ۲۔ پیدائش ۳۔ آزمائش ۴۔ فرمائش

g۔ سوسائٹی کا دوسرا ہم معنی لفظ کیا ہے، جو اردو لفظ ہو انگریزی زبان کا نہ ہو ؟

۱۔ آرگنایزیشن ۲۔ ایسوسی ایشن ۳۔ گُروپ ۴۔ تنظیم

یا

گاؤں کے جھگڑے طے کرنے کے لیے ایک کمیٹی بنائی جاتی ہے جسے پنچایتی عدالت کہتے ہیں۔ اس کا چناؤ ہر پانچویں سال ہوتا ہے۔ اس کے صدر کو سرپنچ اور نائب صدر کو نائب سرپنچ کہتے ہیں۔ پنچایتی عدالت میں پانچ پنچوں کی چھوٹی چھوٹی کمیٹیاں ہوتی ہیں جو پنچ منڈل کہلاتی ہیں۔ یہ پنچ منڈ' سال بھر کام کرتے ہیں اور پھر ان کے ممبروں کو تبدیل کر دیا جاتا ہے۔ جب کوئی مقدمہ پنچایتی عدالت کے سامنے آتا ہے تو سرپنچ اس کو ایک پنچ منڈل کے سپرد کر دیتا ہے۔ اس طرح اب گاؤں کے لوگوں کو چھوٹی چھوٹی باتوں کے لیے تھانے اور کچہری نہیں دوڑنا پڑتا۔ سینچائی، مینڈ، لین دین اور مارپیٹ کے جھگڑے گاؤں ہی میں طے ہو جاتے ہیں۔ گاؤں کے اس انتظام کے دو فائدے ہیں۔ ایک تو اس میں کسی طرف سے وکیل کی ضرورت نہیں ہوتی اور دوسرے، پنچ گاؤں ہی کے ہوتے ہیں اس لیے وہ معاملے کو اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں اور انصاف کر سکتے ہیں۔

a۔ گاؤں کے جھگڑے طے کرنے کے لیے بنائی جاتی ہے

۱۔ کمیٹی ۲۔ پنچایت ۳۔ پنچایتی عدالت ۴۔ پنچ نامہ

b ۔ چُناؤ کا مطلب ہے

۱۔ اِنتِخاب ۲۔ چُنِندہ ۳۔ چوں کہ ۴۔ چُنانچہ

Contd on pg no.6

StudentBounty.com

www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

StudentBounty.com

c ۔ ایک منڈل میں کتنے پنچ ہوتے ہیں؟

ا۔ چار ۲۔ تین ۳۔ ایک ۴۔ پانچ

d۔ پنچ منڈل کے ممبران کو تبدیل کر دیا جاتا ہے

ا۔ کبھی نہیں ۲۔ ہر سال ۳۔ دو سال میں ۴۔ پانچ مہینے میں

e۔ تھانے اور کچہری کے کیا معانی ہیں ؟

ا۔ کوتوال ۔ دفتر ۲۔ پولس اسٹیشن ۔ عدالت ۳۔ کوتوالی ۔کچہری ۴۔ تھان ۔کچرا

f۔ پنچ کا کیا مطلب ہوتا ہے ؟

ا۔ مُنصِف ۲۔ فیصلہ ۳۔ انصاف ۴۔ مُصنّف

g ۔ یہ عبارت کس سبق سے لی گئی ہے ؟

ا۔ پنچایت ۲۔ دیہی پنچایت ۳۔ عام پنچایت ۴۔ گاؤں پنچایت 7

سوال13 . مُلاّ نصرالدّین کی شخصیت آپ کو کیسی لگی ؟ ایک پیراگراف میں جواب تفصیل سے لکھیے۔

یا

ایک پارابند میں وقت کے صحیح استعمال سے ملنے والے فائدے اور اس کے ضائع کرنے سے ہونے والے نقصانات کے بارے میں تفصیل سے لکھیے ۔ 7

سوال 14۔ دیے گئے سوالات میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جوابات لکھیے ۔

ا۔ مکڑی نے کیا کام کیا اور اس کا کیا انجام ہوا؟ اس کے انجام سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے ؟

۲۔ خدمتِ خلق کیسا جذبہ ہے اور اس میں کون کون سے کام شامل ہیں؟ ریڈ کراس سوسائٹی کے کارکُن کی حیثیت سے آپ کون کون سے کام کریں گے؟

۳۔ مصنوعی سیّارے کے کیا فائدے ہیں؟

۴۔ سِندباد جہازی جزیرے سے نکل کر گھاٹی کیسے پہنچا ؟ 4

[ حصّہ ، ہ ۔ شعر ]

سوال 15۔ دیے گئے دو شعری حِصّے پڑھیے اور سمجھیے۔ پھر کسی ایک حِصّے کے سوالات کے مُتبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔

عِلم سے ہو جاتا ہے روشن دماغ تیل سے جس طرح جلتا ہے چراغ

کھیل سے بڑھتی ہے صحت اس طرح بھاپ سے چلتا ہے انجن جس طرح

Contd on pg.no. 7

www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

عِلم سے یوں پُختہ ہوتا ہے مِزاج جس طرح سُورج کی گرمی سے اَناج

کھیل سے ہوتا ہےخوش دِل اِس طرح پھُول کھِل جائیں ہَوا سے جِس طرح

سوالات :

a۔ اس نظم کا کیا نام ہے ؟

ا۔ دوہے ۲۔ چُھٹّی کا دن ۳۔ بَہار کے دن ۴۔ رُباعی

b۔ دِماغ کِس سے روشن ہوتا ہے ؟

ا۔ روشنی سے ۲۔ اندھیرے سے ۳۔ کھیل سے ۴۔ عِلم سے

c۔ شعر میں لفظ پُختہ کے معنی ہیں

ا۔ مضبوط ۲۔ کمزور ۳۔ ہلکا ۴۔ پکا ہوا

d۔ کھیل کھیلنے سے شاعِر کے مُطابق دِل کی حالت کیسی ہوتی ہے ؟

ا۔ کانٹے چُبھنے جیسی ۲۔ درخت اُگنے جیسی ۳۔ ہَوا چلنے جیسی ۴۔ پھُول کِھلنے جیسی

e۔ شاعر نے صحت بڑھانے کا کیا راز بتایا ہے ؟

ا۔ کھیل نہ کھیلنا ۲۔ پڑھنے کے وقت کھیلنا ۳۔ کھیل کھیلنا ۴۔کھیلنے کے وقت پڑھنا

f۔ چراغ کس چیز سے جلتا ہے ؟

ا۔ پانی سے ۲۔ تیل سے ۳۔ دماغ سے ۴۔ علم سے

یا

بڑا ہوا تو کیا ہوا جیسے پیڑ کھجور

پنتھی کو چھایا نہیں پھل لاگے اتی دور

ماکھی گڑ میں گڑی رہے پنکھ رہے لپٹائے

ہاتھ ملے اور سر دھنے لالچ بری بلائے

ماٹی کہے کمہار سے تو کیا روندے موہے

اک دن ایسا آئے گا میں روندوں گی توہے

سوالات :

a۔ لفظ پنتھی کے کیا معنی ہیں ؟

ا۔ آدمی ۲۔جوان ۳۔ بوڑھا ۴۔ مسافر

Contd on pg.no. 8

StudentBounty.com
www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers

b۔ کِس بڑے درخت کا یہاں ذکر کیا گیا ہے ؟

ا۔ نیم کا ۲۔ ببول کا ۳۔ کھجور کا ۴۔ ناریل کا

c۔ لفظ آتی کا مطلب ہے

ا۔ قریب ۲۔ دور ۳۔ یہاں ۴۔ بہت

d۔ مکھی کس چیز میں ہاتھ پیر مار رہی تھی ؟

ا۔ گھی میں ۲۔ گُڑ میں ۳۔ چائے میں ۴۔ دودھ میں

e ۔ روندنا سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟

ا۔ ہاتھوں سے ملنا ۲۔ منہ سے کھینچنا ۳۔ پیروں سے دبانا، کچلنا ۴۔ کچوٹنا اور چھیلنا

f۔ ان تین دوہوں کے شاعر کا کیا نام ہے ؟

ا ۔ صغیر ۲۔ گرو نانک ۳۔ حامد حسن قادری ۴۔ سنت کبیر 6

**سوال 16۔ شاعر سنت کبیر کے بارے میں ایک پیراگراف تفصیل سے لکھیے۔**

**یا**

**نظم بہار کے دن کا خلاصہ اپنے الفاظ میں تفصیل سے لکھیے ۔** 6

**سوال 17۔ درج ذیل سوالات میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جوابات لکھیے :**

ا۔ بہار کی صبح ، شام اور رات کیسی ہوتی ہے ؟

۲۔ لالچ کرنے سے مکھی کو کیا سزا ملی ؟

۳۔ نظم چھٹّی کا دن میں شاعر نے کن چیزوں سے غافل نہ رہنے کا مشورہ دیا ہے ؟

۴۔ کھیل ہمارے لیے کیوں ضروری بتائے گئے ہیں ؟ 4

ختم************************ شد

Note: This question paper contains 8 pgs.ix std.urdu c.b.forG.Sahodaya(saudi chapter) Examination 2013-2014

StudentBounty.com

www.StudentBounty.com
Homework Help & Pastpapers